مظفر پور شیلٹر ہوم معاملہ......................................

برجیش ٹھاکر اور این جی او سے جڑے لوگ سی بی آئی کے رڈار پر

مظفر پور(ایس این بی)

مظفر پور شیلٹر ہوم واردات کو لے کر سی بی آئی نے ایک بار پھر شہر کے کئی لوگوں کو رڈار پر لیا ہے۔ برجیش ٹھاکر اور اس کے این جی او سیوا سنکلپ اور وکاس سمیتی سے جڑے قریبیوں پر سی بی آئی کی نظر ہے۔ این جی او سے جڑے رہے کئی لوگوں سے معاملے میں سی بی آئی پوچھ گچھ کرسکتی ہے۔ یہ معاملہ شیلٹر ہوم سے ہزاری باڑکی لڑکی کو پراسرار طریقے سے غائب کردینے کا ہے۔ لڑکی ذہنی طور سے معذور تھی۔ ایسے میں سازش کے تحت انسانی اعضا اسمگلنگ کے ذریعہ لڑکی کو غائب کرنے کا خدشہ سے ہے۔ اس میں برجیش کی این جی او اور اس کے ملازمین کی ملی بھگت شامل ہونے کا خدشہ ہے۔ سیتامڑھی سی ڈبلیو سی کے فرضی ریلیز آرڈر پر شیلٹر ہوم سے 10 نومبر 2015 کو ہزاری باغ کی لڑکی کو غائب کیا گیا تھا۔ جس دن فرضی ریلیز آرڈر جاری ہوا تھا اس دن لڑکی کو لینے اس کے فرضی والدین شیلٹر ہوم مظفر پور پہنچے تھے۔ فرضی ووٹر آئی ڈی کارڈ شیلٹر ہوم میں دیا گیا۔ والدین کی پہچان کرنے والا ہزاری باغ کا تھوتی مکھیا بھی فرضی تھا۔ سی بی آئی کو یہ ثبوت شیلٹر ہوم واردات کی جانچ کے دوران ملی تھی۔ اس کو لے کر بعد میں 29 جولائی 2023 کو پٹنہ سی بی آئی تھانہ میں ایف آئی آر درج کی گئی تھی۔ سی بی آئی ذرائع کے مطابق جانچ میں پایا گیا کہ جس فرضی ریلیز آرڈر پر لڑکی کو شیلٹر ہوم سے اس کے فرضی والد کو دیا گیا تھا اس پر سیتامڑھی سی ڈبلیو سی کی اس وقت کے صدر مانسی سمدر اور ممبر رینو کماری سنگھ کا فرضی دستخط کیا گیا تھا۔ ریلیز آرڈر اصلی تھا یا نقلی اس متعلق میں کسی طرح کی جانچ شیلٹر ہوم چلانے والی این جی او کے ملازمین نے نہیں کی تھی۔ اسی دن لڑکی کو ان کے فرضی سرپرستوں کو سونپ دیا گیا تھا۔ نو سال پہلے غائب ہوئی معذور بچی کا سی بی آئی کو کوئی سراغ نہیں مل پایا ہے۔ شیلٹر ہوم واردات کی جانچ کے دوران میں پتہ چلا تھا کہ شیلٹر سے 24 نومبر 2013 کو چار لڑکیاں فرار ہوگئی تھیں لیکن یہ بچیاں کہاں اور کیسے غائب ہوئی اس کی جانچ نہیں ہوئی تھی۔ شیلٹر ہوم واردات کے انکشاف کے بعد پولیس نے 2018 میں اس کی جانچ کی۔ پولیس نے چار میں دو کا سراغ لگا لیا۔ لیکن پھول پر اس اور نئی دہلی کے پہاڑ گنج کی دو لڑکیوں کا کوئی سراغ نہیں ملا۔ شیلٹر ہوم کی جانچ کے دوران لڑکیوں نے پولیس افسران کے سامنے یہ بیان دیا تھا کہ وہاں لڑکی کا قتل کرکے لاش کو غائب کردیا گیا تھا۔ اس کے بعد شیلٹر ہوم کو کھدوا کر دیکھا گیا اور سکندر پور شمشان گھاٹ کے ساتھ بوڑھی گنڈک ندی میں بھی لاش کی تلا میں جانچ کی گئی۔ لیکن سی بی آئی کو کہیں کوئی سراغ نہیں ملا تھا۔ واضح ہو کہ شیلٹر ہوم معاملے میں 18 قصورواروں کو دہلی کی خصوصی عدالت سے سزا سنائی گئی ہے۔ برجیش ٹھاکر سمیت دیگر ملزمین تہاڑ جیل میں موت ہونے تک تا عمر قید کی سزا کاٹ رہے ہیں۔

وائس چانسلر نے CET-BED کی ڈائریکٹری کو کیا ریلیز

بی ایڈ جوائنٹ داخلہ امتحان ریاست کے 11 اضلاع میں 25 جون کو: پروفیسر مہتا

دربھنگہ(ایس این بی)

ریاست کے 11 اضلاع میں 25 جون 2024 کو دوسالہ بی ایڈ اور شکشا شاستری میں داخلہ کیلئے منعقد ہونے والی جوائنٹ داخلہ امتحان -CET-BED 2024 کی تیاری کے دوران جمعہ کو للت نارائن متھلا یونیورسٹی دربھنگہ کے وائس چانسلر پروفیسر سنجے کمار چودھری نے اپنے رہائشی دفتر میں اکزامینیشن ڈائرکٹری کو ریلیز کیا۔ 14 جون کو منعقدہ ڈائرکٹری کے اجراء کے موقع پر وائس چانسلر پروفیسر چودھری نے کہا کہ اس ڈائرکٹری میں CET-BED -2024 کے امتحان کے عمل کے ساتھ ساتھ امتحان میں شامل مختلف افسران جیسے یونیورسٹی نوڈل آفیسر، نوڈل یونیورسٹی سپروائزر، ریجنل کوآرڈینیٹر، سینٹرل کوآرڈینیٹر -کم- سپروائزر کی تفصیلات اور ذمہ داریاں تفصیل سے دی گئی ہیں۔ امتحان کے عمل کو منصفانہ اور پرامن رکھنا خاص طور پر ہماری ذمہ داری ہے۔ اس موقع پر یونیورسٹی کے رجسٹرار ڈاکٹر اجے کمار پنڈت، CET-BED کے اسٹیٹ نوڈل آفیسر پروفیسر اشوک کمار مہتا، کالج انسپکٹر سائنس کم کورکمیٹی کے رکن پروفیسر ارون کمار سنگھ اور CET-BED کے کوآرڈینیٹر ڈاکٹر اروند کمار ملن موجود تھے۔ پروفیسر مہتا نے منعقد ہونے والے امتحان کے متعلق جانکاری دیتے ہوئے کہا کہ دو سالہ بی ایڈ میں داخلہ کیلئے کل 208818 امیدواروں نے آن لائن درخواستیں داخل کی ہیں جن میں 104881 خواتین، 103934 مرد اور 03 دیگر امیدوار شامل ہیں۔ شکشا شاستری کے لیے کل 386 درخواستیں موصول ہوئی ہیں جن میں 129 خواتین اور 257 مرد شامل ہیں۔ واضح رہے کہ امیدوار 17 جون سے سرکاری ویب سائٹ www.biharcetbed-lnmu.in پر لاگ ان کر کے اپنا ایڈمٹ کارڈ ڈاؤن لوڈ کرسکیں گے۔ یہ امتحان 25 جون 2024 (بروز منگل) کو صبح 11:00 بجے سے دوپہر 01:00 بجے تک لیا جائے گا۔ امیدواروں کو صبح 8:30 بجے اپنے امتحان مرکز پر پہنچنا ہوگا۔ امتحان سے متعلق معلومات/ مدد کے لیے امیدوار ہیلپ لائن نمبر۔ 9431041694 اور ای میل آئی ڈی cetbed2024helpdesk@gmail.com پر رابطہ کرسکتے ہیں۔

سولر اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب اور پنچایت سرکار بھون کی تعمیر کو مکمل کریں: ڈی ایم

ڈی ایم نے سولر اسٹریٹ لائٹ اور پنچایت سرکابھون تعمیر کی پیش رفت کا جائزہ لیا

دربھنگہ(ایس این بی)

ڈی ایم راجیو روشن کی صدارت میں انکے چیمبر میں جمعہ کو سولر اسٹریٹ لائٹ اور پنچایت سرکار بھون کی پیش رفت کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ انہوں نے کہا کہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ ضلع کی تمام منتخب 308 پنچایتوں میں وقت پر اسٹریٹ لائٹس لگائی جائیں۔ تمام پنچایتوں میں منتخب مقامات پر چار ایجنسیوں کے ذریعہ سولر اسٹریٹ لائٹس لگائی جارہی ہیں، جو بجلی کا متبادل بن جائیں گی۔ ضلع مجسٹریٹ نے واضح طور پر کہا کہ جو ایجنسیاں مقررہ وقت کے مطابق کام نہیں کریں گی ان کی ادائیگی میں کٹوتی کی جائے گی۔ بہار حکومت کے چیف سکریٹری نے 3 ماہ سے زیادہ تاخیر سے کام کرنے والی ایجنسیوں میں 20 فیصد کی شرح کم کرنے کی ہدایات دی ہیں۔ تاخیر سے کام کرنے والی ایجنسیوں کو 5% فی ہفتہ کی شرح سے رقم کی کٹوتی کے بعد ادائیگی کی جائے گی۔ انہوں نے واضح طور پر کہا کہ اس میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ ضلع کی کل 308 پنچایتوں میں 12,320 مقامات پر سولر لائٹس لگانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے جن میں سے اب تک 1000 سے زائد مقامات پر کام مکمل ہو چکا ہے۔ جمعہ کو متعلقہ ایجنسیوں کو واضح ہدایات دی گئیں کہ مقررہ مدت کے اندر منتخب مقامات پر سولر اسٹریٹ لائٹس کی معیار کے ساتھ تنصیب کو یقینی بنایا جائے بصورت دیگر قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ضلع کی تمام پنچایتوں میں پنچایت سرکار بھون تعمیر کی جانی ہیں۔ 72 پنچایتوں میں پنچایت سرکار بھون کی تعمیر کے لیے ایل یو اوہدایات دی گئی ہیں۔ ضلع مجسٹریٹ نے واضح طور پر کہا کہ جس زمین پر ناجائز قبضہ ہے اسے آزاد کروا کر پنچایت سرکار بھون کی تعمیر کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے ایگزیکیٹو انجینئر کو ہدایت دی کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ پنچایت سرکار بھون کی تعمیر کا کام معیار کے مطابق جلد شروع ہو۔ تمام سرکل افسران کو واضح طور پر کہا گیا کہ وہ ان پنچایتوں کی نشاندہی کریں جہاں اراضی دستیاب ہوگئی ہیں اور متعلقہ ایگزیکیٹو انجینئر کو عمارت کی تعمیر کے لیے زمین دستیاب کرائیں۔ باقی تمام پنچایتوں میں تمام سرکل افسران کو پنچایت سرکار بھون کی تعمیر کے لیے زمین کی نشاندہی کرکے مزید کارروائی کرنے کی ہدایات دی گئیں۔ میٹنگ میں ستیندر پرساد، ڈپٹی ڈائریکٹر دربھنگہ ڈویژن دربھنگہ، ضلع پنچایتی راج آفیسر، بلاک ڈیولپمنٹ آفیسر، سرکل آفیسر، بلاک پنچایتی راج آفیسر اور متعلقہ ایجنسیوں کے نمائندے وغیرہ موجود تھے۔

زمین تنازع میں 2 سگے بھائیوں کے درمیان مار پیٹ

جالے(ایس این بی)

سنگھواڑہ تھانہ حلقہ کے نگر پنچایت بھرواڑہ میں زمینی تنازع میں 2 سگے بھائیوں کے درمیان ہوئی مار پیٹ کے واقعہ کے بعد بھگوتی استھان چوک کا آٹو اسٹینڈ گھنٹوں جنگ کا میدان بنا رہا۔ اس دوران آپسی تنازع کے بعد ایک فریق نے ٹیبل سائیکل کھڑی کرا تر بیل۔ جالے سڑک کو جام کردیا جس کے سبب راہگیروں اور گاڑی ڈرائیوروں کو آنے جانے میں کافی دشواریوں کا سامنا کرنا پڑا۔ جام کی وجہ سے سڑک کے دونوں اطراف گاڑیوں کی لمبی قطار لگی رہیں۔ اطلاع پر پہنچی سنگھواڑہ تھانہ کی پولیس نے سڑک جام ہٹا کر دونوں بھائیوں کو حراست میں لے لیا اور پوچھ گچھ کے لئے اپنے ساتھ لے گئے۔ مار پیٹ کو لے کر شیام بابو ساہ کی بیوی پھول کماری دیوی نے ایف آئی آر درج کرا کر مخالف رام بابو ساہ، شمبھو ساہ، شرون ساہ، پر ہلاد ساہ، راجہ بابو، منوج کمار اور بٹو کمار کو نامزد کیا ہے۔ خاتون نے الزام عائد کیا ہے کہ خاندانی زمین پر سبھی بھائی اپنا گھر بنا رہے تھے جس میں خاتون کے شوہر کا کمرہ دیگر بھائیوں کی مقابلے میں چھوٹا ہو گیا جس کا احتجاج کرنے اور برابر کا حصہ مانگنے پر ملزمان نے مار پیٹ کے واقعہ کو انجام دیا۔ وہیں دوسری ایف آئی آر رام بابو ساہ نے شیام بابو ساہ اور پھول دیوی کے خلاف درج کرائی ہے جسمیں یہ الزام عائد کیا ہے کہ وہ اپنے کپڑے کی دکان پر جارہے تھے اسی اثناء میں مار پیٹ کے نامزد لوگوں نے مین سڑک کو جام کردیا۔ موقع پر پہنچی پولیس نے رام بابو ساہ، شیام ساہ کو تھانے لے گئی۔ تھانہ صدر منوج کمار نے بتایا کہ ایف آئی آر درج کر گرفتار ملزمان کو تھانہ سے ضمانت پر رہا کیا گیا ہے اور معاملے کی تفتیش کی جارہی ہے۔

افواہ پھیلانے والوں پر ہوگی سخت کاروائی: ڈی ایم/ سینئر ایس پی

عیدالاضحیٰ کو پرامن ماحول میں منانے کیلئے ضلع امن کمیٹی کی میٹنگ میں کئی تجاویز پیش

دربھنگہ(ڈاکٹر فردوس/ ایس این بی)۔

کلکٹوریٹ واقع ڈاکٹر امبیڈکر آڈیٹوریم میں ضلع مجسٹریٹ مسٹر راجیو روشن اور سینئر ایس پی مسٹر جگو ناتھ ریڈی جلا ریڈی کی مشترکہ صدارت میں گزشتہ روز عیدالاضحیٰ کے تہوار کو پرامن، ہم آہنگی اور بھائی چارے کے ساتھ منانے اور مکمل کرنے کیلئے ضلع امن کمیٹی کے معزز اراکین کے ساتھ میٹنگ منعقد ہوئی۔ ضلع مجسٹریٹ نے سب سے پہلے ضلع کے لوگوں کو بقرعید کے تہوار کے موقع پر پیشگی مبارکباد دی۔ پینے کے پانی کے مسئلہ کو حل کرنے کے لیے انہوں نے میونسپل کارپوریشن کو چوراہوں پر پینے کے پانی کا انتظام کرنے کی ہدایت دی۔ شہر میں آوارہ جانوروں کو کنٹرول کرنے کے لیے کئی ضروری ہدایات دی گئیں۔ انہوں نے کہا کہ ضلع کے تمام مکین نظم وضبط کی پابندی کریں۔ شہر کے بہتر انتظام کے لیے سب سے تعاون کی توقع ہے۔ شہر کا خاکہ بدلنے کے لیے ہمیں آگے آنا ہوگا۔ کوڑا کرکٹ کو بروقت ٹھکانے لگایا جائے، تاکہ آلودگی نہ پھیلے۔ بجلی کا مسئلہ حل کرنے کے لیے متعلقہ حکام کو کئی ضروری ہدایات دی گئیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹرانسفارمر کی کام کرنے کی صلاحیت میں اضافہ کیا جائے اور ڈھیلے تاروں کی فوری مرمت کی جائے۔ میونسپل کارپوریشن بغیر کسی تاخیر کے تمام وارڈوں میں صفائی مہم چلائے۔ BUDCO کے کام کاج میں مطلوبہ بہتری لانے کے لیے نصیحت دی گئی۔ اجلاس میں ضلع امن کمیٹی کے اراکین نے 17، 18 اور 19 جون کو بقرعید کا تہوار منانے کے بارے میں بتایا۔ ارکان نے نماز کے وقت عیدگاہ اور راستے میں سیکیورٹی کے انتظامات، قربانی کی جگہ پر چونا اور بلیچنگ پاؤڈر کا چھڑکاؤ کرنے، قربانی کے بعد بچ جانے والی باقیات کو گڑھا کھود کر نپٹانے، میونسپل کارپوریشن کے ذریعے نالوں کی صفائی کا انتظام کرنے اور بلاتعطل بجلی کی سپلائی کرنے، منشیات کے عادی افراد اور بائیکرس گینگ پر شکنجہ کسنے، سوشل میڈیا پر افواہیں پھیلانے والوں کے خلاف فوری کارروائی کرنے اور گوشت کی دکانوں پر پردہ لگوانے کی تجاویز دیں۔ ضلع امن کمیٹی کے ممبران کی تعریف کرتے ہوئے ضلع مجسٹریٹ نے کہا کہ ممبران نے ہمیشہ مختلف تہواروں کے موقعوں پر بھائی چارے، خیر سگالی اور خوشگوار ماحول کو برقرار رکھنے میں اپنا فعال کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ممبران کی تجاویز کو نوٹ کرلیا گیا ہے، جس پر متعلقہ محکمہ اور میونسپل کارپوریشن کی جانب سے کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے میونسپل کارپوریشن کے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ وہ کمیٹی کے ارکان کی طرف سے دی گئی تجاویز کے مطابق کام کریں۔ اجلاس میں سینئر ایس پی جگو ناتھ ریڈی نے تمام تہواروں کے موقع پر ہم آہنگی کی فضا پیدا کرنے پر ضلع امن کمیٹی کے ممبران کو بھی تہہ دل سے مبارکباد دی۔ انہوں نے کہا کہ انتظامیہ پوری طرح تیار رہے گی، فلیگ مارچ بھی کیا جائے گا، جیسے ہی سوشل میڈیا پر کوئی پریشان کن موضوع آئے تو فوری طور پر اعلیٰ افسر کو آگاہ کیا جائے اور اسے سوشل میڈیا پر نہ پھیلایا جائے، جس کی وجہ سے امن میں خلل پڑنے کا خدشہ ہے۔ میٹنگ میں ڈپٹی میئر مسز نازیہ حسن، ایڈیشنل کلکٹر لاء اینڈ آرڈر راکیش رنجن، ایڈیشنل کلکٹر ڈیزاسٹر سلیم اختر، ایڈیشنل کلکٹر ڈپارٹمنٹل انویسٹی گیشن کمار پرشانت، سب ڈویژنل آفیسر صدر وکاس کمار، ڈپٹی ڈائرکٹر پبلک ریلیشن ستیندر پرساد، سب ڈویژنل پولیس آفیسر صدر امیت کمار اور متعلقہ افسران موجود تھے۔ امن کمیٹی کی جانب سے شیام کشور پردھان، ریتا سنگھ، اعجاز اختر خان رومی، نفیس الحق رنکو، انکور گپتا، شترودھن پرساد یادو، نوین کھٹک، محمد اسلم، اجے کمار جالان، کشیشور مہتو، محمد شاہنواز قمر، اندر نارائن مہتو، منوہر رام، آلوک کمار، سبھاش مہتو، امررام اور وشنو چندر پپو وغیرہ موجود تھے۔

عیدالاضحیٰ امن وامان اور خیر سگالی کے ماحول میں منائیں

ضلع مجسٹریٹ کی عوام سے اپیل

مدھوبنی(ایس این بی)

ضلع افسر اروند کمار ورما کی صدارت میں ضلع میں عیدالاضحیٰ

کو پرامن، خیر سگالی اور بھائی چارے کے ماحول میں منانے اور اس موقع پر نظم ونسق بنائے رکھنے کیلئے کلکٹر واقع ہال میں ضلع سطحی امن کمیٹی کی میٹنگ منعقد کی گئی۔ اپنے خطاب میں ضلع مجسٹریٹ نے کہا کہ سبھی ضلع کے لوگوں کے تعاون سے ضلع میں امن وامان اور خیر سگالی کے ماحول میں بقرعید سمیت آنے والے تہواروں کو منانے کیلئے سبھی انتظامی تیاری کو لے کر ضلع انتظامیہ پوری طرح سے سرگرم ہے۔ انہوں نے کہا کہ بقرعید کو دیکھتے ہوئے انتظامی سطح پر سبھی تیاریاں پوری کرلی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امن کمیٹی کی میٹنگ کے انعقاد کا اہم مقصد ضلع کے سبھی حلقہ کے معزز لوگوں سے ان کی سرگرمی کی جانکاری حاصل کرنا اور مشورہ حاصل کرنا ہے۔ میٹنگ کے دوران ضلع مجسٹریٹ نے آئندہ تہوار کے دوران امن امان بنائے رکھنے کیلئے سبھی موجود لوگوں سے ان کے مشورے مانگے۔ امن کمیٹی کی میٹنگ میں ضلع بھر سے آئے لوگوں نے ضلع سطحی امن کمیٹی کی میٹنگ منعقد کرنے کیلئے ضلع انتظامیہ کی تعریف کی اور سبھی نے ایک آواز میں یقین دلایا کہ ان کے ذریعہ ضلع میں امن وامان بنائے رکھنے میں پورا تعاون دیا جائے گا۔ اس میٹنگ میں ٹاؤن کمشنر انل چودھری، اڈیشنل کلکٹر شیلیش کمار، اڈیشنل کلکٹر آفات سنتوش کمار، سب ڈویژنل افسر بینی پٹی، سب ڈویژنل افسر پھلپراس، سب ڈویژنل افسر جے نگر سمیت سبھی سب ڈویژنل پولیس افسر سمیت ضلع کے سبھی سینئر افسران اور امن کمیٹی کے سبھی رکن موجود تھے۔

درجنوں کارتوس کے ساتھ جرائم پیشہ گرفتار

مظفرپور(ایس این بی) منیاری تھانہ پولیس نے قبل ملی اطلاع پر چھاپہ ماری کر جرائم کے واقعہ کو انجام دینے پہنچے تین جرائم پیشوں کو بغیر نمبر پلیٹ والی موٹر سائیکل اور درجنوں کارتوس کے ساتھ گرفتار کرلیا جبکہ ایک جرائم پیشہ اسلحہ کے ساتھ فرار ہونے میں کامیاب رہا۔ پولیس کے مطابق منیاری تھانہ حلقہ کے پرشوتم پور علاقے میں مقامی لوگوں کے ذریعہ منیاری تھانہ انچارج کو خفیہ اطلاع موصول ہوئی کہ کچھ جرائم پیشہ جرائم کے واقعہ کو انجام دینے کیلئے جمع ہوئے ہیں۔ وہیں معاملے کی اطلاع موصول ہوتے ہی منیاری تھانہ میں تعینات ڈائل 112 کی ٹیم کو اس مقام پر پہنچ کر چھاپہ ماری کرنے کی ہدایت دی گئی۔ سب انسپکٹر پریتی کماری کی قیادت میں ڈائل 112 کی ٹیم نے مقررہ مقام پر گھیرابندی کر تین جرائم پیشوں کو بغیر نمبر پلیٹ کی موٹر سائیکل اور درجنوں کارتوس کے ساتھ گرفتار کرلیا۔ حالانکہ اس دوران ایک جرائم پیشہ اسلحہ کے ساتھ فرار ہونے میں کامیاب رہا۔ جس کی گرفتاری کیلئے پولیس چھاپہ ماری کر رہی ہے۔ معاملے میں منیاری تھانہ انچارج اوما کانت سنگھ نے بتایا کہ چھاپہ ماری کے دوران فرار ہوئے ایک جرائم پیشہ کی گرفتاری کیلئے چھاپہ ماری کی جارہی ہے۔

حاجی پور عید الاضحی کی اوقات

قادری جامع مسجد یوسف پور لعل گنج ویشالی میں عیدالاضحیٰ کی نماز 6:30

جامع مسجد کمال پور ویشالی میں عیدالاضحیٰ کی نماز 6:30 بجے

बिहार सरकार
कार्यपालक अभियंता का कार्यालय
भवन निर्माण विभाग, भवन प्रमंडल जमुई
अतिअल्पकालीन निविदा आमंत्रण सूचना संख्या– 01/2024-25

1. विज्ञापनदाता का पदनाम एवं पता : कार्यपालक अभियंता, भवन प्रमंडल, जमुई।
2. निविदा आमंत्रित करने की तिथि : 12.06.2024
3. परिमाण विपत्र बिक्री हेतु आवेदन जमा करने की अंतिम तिथि : दिनांक 21.06.2024 को 1:00 बजे अपराह्न तक।
4. परिमाण विपत्र बिक्री करने की तिथि एवं समय : दिनांक 24.06.2024 को 1:00 बजे अपराह्न तक।
5. निविदा जमा करने की तिथि एवं समय : दिनांक 25.06.2024 को 3:00 बजे अपराह्न तक।
6. निविदा खोलने की तिथि एवं समय : दिनांक 25.06.2024 को 3:30 बजे अपराह्न।
7. परिमाण विपत्र की बिक्री का स्थान : 1. अधीक्षण अभियंता का कार्यालय, भवन अंचल, मुंगेर।
: 2. कार्यपालक अभियंता का कार्यालय, भवन प्रमंडल, जमुई।
: 3. सहायक अभियंता, भवन अवर प्रमंडल संख्या 1 एंव 2 जमुई।
8. निविदा जमा करने का स्थान : उपरोक्त कॉलम सात के अनुसार।
9. कार्य की विवरणी (योजना/शीर्ष/मद का का नाम) :

क्र0	कार्य का नाम	प्राक्कलित राशि (रू0 में)	अग्रधन की राशि (रू0 में)	परिमाण विपत्र का मूल्य (रू0 में)	कार्य पूर्ण करने की अवधि
1	Construction of Pota Cabin for E -Seve Kendra in CJM Campus, Civil Court, Jamui.	1,99,900/-	4000/-	500/-	15 दिन

विस्तृत जानकारी state.bihar.gov.in/prdbihar से प्राप्त की जा सकती है।
PR- 001741 (BCD) 2024-25
कार्यपालक अभियंता
भवन प्रमंडल, जमुई
नशे से बचने का है एक ही उपचार, दृढ़ संकल्प और परिवार से प्यार

बिहार सरकार
कार्यपालक अभियंता का कार्यालय
पटना पश्चिम भवन प्रमंडल दानापुर, पटना
(नियर बैल्ट्रॉन भवन, शास्त्रीनगर, पटना)

वित्तीय वर्ष–2024–25 के लिए चतुर्थ श्रेणी के इच्छुक संवेदको की सूचीबद्धता हेतु आमंत्रित प्रस्ताव अति–अल्पकालीन आमंत्रण सूचना सं0–01/2024–25

एतद् द्वारा संबंधित संवेदको को सूचित किया जाता है कि पटना पश्चिम भवन प्रमंडल, दानापुर, पटना में वित्तीय वर्ष 2024–25 में अनुरक्षण/मरम्मति शीर्ष के अन्तर्गत आकस्मिक/आपातकालीन/अत्यावश्यक स्थिति में कार्यो के कार्यान्वयन हेतु सूचीबद्ध संवेदकों से नामांकन के आधार पर कार्य आवंटन एवं कार्य करने हेतु पटना जिला में अवस्थित इस प्रमंडल में कार्यरत चतुर्थ श्रेणी के 20 संवेदकों का विहित विभागीय प्रक्रिया के अनुसार चयन/सूचीबद्धता हेतु प्रस्ताव आमंत्रित किया जाता है।

उक्त प्रस्ताव में भाग लेने हेतु विहित प्रपत्र में स्पष्ट एवं पठनीय (कम्पयूटराइजड) रूप से भरकर वांछित कागजातो एवं आवश्यक अग्रधन की राशि रू0 5000.00 (O-Gras) पोर्टल (https;//e-receipt.bihar.gov.in) के E-payment/payment over the bank counter (cash/cheque) के माध्यम से जो कार्यपालक अभियंता, पटना पश्चिम भवन प्रमंडल, दानापुर के नाम से भुगतेय हो (जो अप्रत्यार्पणीय होगा) O-Gras द्वारा निर्गत चालान में चालान one time period का मान्य होगा, जो पन्द्रह दिनों के लिए वैद्य है। निर्गत चालान की तिथि दैनिक समाचार पत्र में प्रकाशन की तिथि के बाद का ही मान्य होगा। समाचार पत्र में प्रकाशन की तिथि से पहले निर्गत चालान मान्य नही होगा। उक्त प्रस्ताव में चतुर्थ श्रेणी के इच्छुक संवेदक दिनांक 27.06.2024 को अपराह्न 3.00 बजे तक प्रमंडलीय कार्यालय में समर्पित करना होगा। केवल वैसे ही संवेदक प्रस्ताव दे सकेंगे जिन्होंने इस प्रमंडल में विगत तीन वर्षो में प्रत्येक वर्ष कम से कम 15 लाख तक अनुरक्षण एवं मरम्मति का कार्य किया हो।

प्रस्ताव हेतु विहित प्रपत्र/प्रारूप कार्यपालक अभियंता, पटना पश्चिम भवन प्रमंडल, दानापुर कार्यालय के प्राक्कलन शाखा से दिनांक–25.06.2024 तक प्राप्त कर सकते है। विहित प्रपत्र दो खंडो प्रपत्र ''क'' एवं प्रपत्र–''ख'' में होगा। प्रपत्र–क में आवेदक/संवेदक का बायोडाटा के साथ निबंधन प्रमाण–पत्र, जी0एस0टी0 अद्यतन प्रमाण पत्र, आचरण प्रमाण–पत्र, पैन कार्ड, आधार कार्ड एवं वांछित प्रमाण प्रपत्र पत्र ''ख'' में संवेदकों द्वारा इस प्रमंडल में विगत तीन वर्षो (2021–22, 2022–23, 2023–24) में अनुरक्षण/मरम्मति अन्तर्गत किये गये कार्यो का विवरण होगा। साथ ही समर्पित अभिलेखो की सत्यता संबंधित शपथ पत्र मूल रूप में देना होगा कि संबंधित अभिलेखों के गलत पाये जाने पर निबंधन को काली सूची में दर्ज करते हुए नियमानुकूल कार्रवाई की जाएगी, साथ ही ये भी शपथ–पत्र देना होगा कि संवेदक किसी अन्य भवन प्रमण्डल में सूचीबद्ध नहीं है। यह विवरणी (प्रपत्र–ख) कार्यपालक अभियंता द्वारा सत्यापित होना आवश्यक है अन्यथा इसे अमान्य कर दिया जायगा। प्रपत्र ''क'' एवं प्रपत्र ''ख'' को एक बड़े आकार के लिफाफे में सीलबन्द कर उसके ऊपर अपना नाम एवं वर्तमान पता अंकित कर कार्यपालक अभियंता, पटना पश्चिम भवन प्रमंडल, दानापुर, पटना के कार्यालय में उपरोक्त वर्णित तिथि को समर्पित करना होगा।

संवेदको की सूचीबद्धता केवल एक वित्तीय वर्ष के लिए भवन निर्माण विभाग द्वारा जारी दिशा–निर्देश/शर्त के आधार पर किया जायेगा। उक्त दिशा–निर्देश/शर्त के संबंध में कार्यपालक अभियंता, पटना पश्चिम भवन प्रमंडल, दानापुर, पटना से विशेष जानकारी किसी भी कार्य दिवस में प्राप्त की जा सकता है या कार्यालय सूचना पट्ट पर देखा जा सकता है।

विस्तृत जानकारी www.state.bihar.gov.in/prdbihar से प्राप्त की जा सकती है।

कार्यपालक अभियंता
पटना पश्चिम भवन प्रमंडल,
दानापुर, पटना

PR. No. 001805 (BCD) 2024-25
नशे से बचने का है एक ही उपचार, दृढ़ संकल्प और परिवार से प्यार।